نام کتاب : ایران میں دس دن
مولف : حافظ محمد ظہور الحق ظہور
ناشر: مکتبہ انوار الاسلام، سی/۲۶۸ ـ جی /۶ـ۲، اسلام آباد
صفحات : ۶۴
قیمت : بارہ روپے

حافظ محمد ظہور الحق ظہور صاحب نہ صرف ایک علمی و دینی خاندان کے فرد ہیں بلکہ خود ایک عالم دین ہیں جن کی زندگی کا بڑا حصہ عربی اور فارسی زبان و ادب کی تدریس میں گزرا ہے۔ فارسی زبان و ادب سے ان کی دلچسپی انہیں ایران لے گئی۔ جولائی ۱۹۷۳ء کے دس دن انہوں نے تہران، اصفہان، شیراز اور مشہد جیسے شہروں میں گزارے تھے۔ ان شہروں کی سماجی اور علمی زندگی کے بارے میں انہوں نے جو تاثر قائم کیا، اس کا اظہار انہوں نے ایران سے واپسی کے فوراً بعد فارسی رپورتاژ "رہ آورد سفر" کی صورت میں کر دیا تھا۔ زیر نظر کتابچہ "ایران میں دس دن" اسی "رہ آورد سفر" کا رواں اور خوبصورت ترجمہ ہے۔ اگرچہ اب ایران کی سیاسی اور سماجی زندگی میں ایک گونہ تبدیلی آچکی ہے تاہم ایران اور ایرانیوں کے اطوار کے سمجھنے کے لئے یہ رپورتاژ مفید ہے۔

حافظ ظہور صاحب خود اچھے شاعر ہیں اس لئے رپورتاژ میں ان کے اشعار نے اسے مزید خوبصورت بنا دیا ہے۔ "ایران میں دس دن" گوارا کتابت کے ساتھ سفید کاغذ پر چھپی ہے۔

(اختر راہی)